© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اشارات

اول تو یہ معذرت طلبی کہ ترجمان القرآن کے سابق شمارے میں بہت سی غلطیاں رہ گئیں۔ مزید یہ کہ اگست کا شمارہ بہت تاخیر سے آپ تک پہنچ رہا ہے اور دونوں کی وجہِ مشترک یہ کہ مجھے میز پر کام کرتے کرتے یکایک اٹھ کے امریکہ روانہ ہو جانا پڑا۔

اب میں اس کوشش میں ہوں کہ جس شمارے (ستمبر) کے یہ اشارات ہیں، وہ صحتِ کتابت و طباعت کے لحاظ سے بھی قابلِ اطمینان ہو، اور کسی بڑی تاخیر کے بغیر، بلکہ وقت پر نکل سکے۔

مشکل یہ کہ میرا نہ کوئی نائب ایسا موجود ہے کہ جسے میں آگے کا کام سونپ جاتا، اور نہ مصروفیت کے اس دور میں یہی ممکن ہے کہ کسی دوسرے رفیق سے یہ امید کی جا سکتی ہے کہ میرے خالی کردہ محاذ کو خالی نہ رہنے دیں گے۔

---

اب ذرا ہمارے سفر کی شان بھی تو دیکھیے کہ جیسے کوئی شخص خواب ہی خواب میں ہزاروں میل کی گردش کر لے۔

۱۹ رجون کو لاہور سے اور ۲۰ ر کو کراچی سے روانگی۔ ۲۰ ر کی دوپہر دوبئی کے ہوائی اڈے پر اور رات ایک ہوٹل میں۔ ۲۱ ر کو دوبئی سے، فرینکفرٹ اور پیرس ہوتے ہوتے لندن۔ رات یو کے اسلامک مشن کے دفتر میں قیام۔ ۲۳ ر کی شام کو نیویارک، پھر فلوریڈا، ڈیٹرائیٹ، پھر انڈیانا پلس، پھر بالٹی مور، پھر واپس نیویارک، ۱۳ ر جولائی کو نیویارک سے کاسا بلانکا اور قاہرہ ہوتے ہوتے جدہ، ۱۶ ر کو مکہ معظمہ، ۱۸ ر کو مدینہ منورہ، ۱۹ ر کو جدہ، ۲۰ ر کو پھر مکہ معظمہ، ۲۱ ر کو واپسی، ۲۲ ر کی صبح کو کراچی اور دوپہر کو لاہور

© rasailojaraid.com